بسم اللہ الرحمن الرحیم

## سوالات محاضرات حدیث

سوال نمبر ا۔۔۔حدیث کی لغوی واصطلاحی تعریف کیا ہے؟تحریر کریں۔

سوال نمبر ۲۔۔۔علم حدیث کی تعریف اوراس کا موضوع کیا ہے؟تحریر کریں۔

سوال نمبر ۳۔۔۔حدیث اور سنت میں کیا فرق ہے؟تحریر کریں۔

سوال نمبر ۴۔۔۔سنت کی کتنی قسمیں ہیں؟اور کیا کیا؟صرف تینوں کا نام لکھیں۔

سوال نمبر ۴۔۔۔صحاح ستہ کے کیا معنی ہیں؟اوراس سے کون کون سی کتابیں مراد ہیں؟

سوال نمبر ۵۔۔۔صغار صحابہ کا کیا مطلب ہے؟واضح کریں۔

سوال نمبر ۶۔۔مرسل کے کیا معنی ہیں؟حدیث مرسل کی تعریف کریں۔

سوال نمبر ۷۔۔معضل حدیث اور منقطع حدیث کسے کہتے ہیں؟تحریر کریں۔

سوال نمبر ۸۔۔منکر حدیث کسے کہتے ہیں؟تحریر کریں۔

سوال نمبر ۹۔۔اسناد اور سند سے کیا مراد ہے؟علم اسناد وعلم رجال کا مطلب تحریر کریں۔

سوال نمبر ۱۰۔۔سند کی ضرورت کیوں محسوس ہوئی؟اور کب محسوس ہوئی تحریر کریں۔

سوال نمبر ۱۱۔۔جرح وتعدیل کا کیا مطلب ہے؟واضح کریں۔

سوال نمبر ۱۲۔۔تدوین حدیث کا کیا مطلب ہے؟اس کی ابتدا کب سے ہوئی؟

سوال نمبر ۱۳۔۔رحلہ اور رحال کا مطلب تحریر کریں،

سوال نمبر ۱۴۔۔صحابی کی تعریف کریں،محدثین نے صحابہ کے کتنے طبقہ کیئے ہیں؟تینوں طبقہ کا نام لکھیں۔

سوال نمبر ۱۵۔۔تابعی اور تبع تابعی کی تعریف کریں،

بسم اللہ الرحمن الرحیم

## سوالات محاضرات حدیث

سوال نمبر ا۔۔حدیث، اثر، اور خبر میں کیا فرق ہے؟ نیز حدیث مرفوع اور موقوف کی تعریف بھی کریں۔

سوال نمبر ۲۔۔مسند، معجم، مستدرک، مستخرج، جزء کی تعریف کریں، اور ہر ایک کی مثال بھی قلمبند کریں۔ نیز اربعین کسے کہتے ہیں؟ اس کی بھی وضاحت کریں، اس بارے میں کوئی فضیلت منقول ہو تو اسے بھی لکھیں۔

سوال نمبر ۳۔۔برصغیر کی علمی تاریخ کے کتنے دور بنتے ہیں؟۔۔۔۔۔۔۔''برصغیر میں علم حدیث کا دوسرا دور،، اس عنوان پر تفصیل سے روشنی ڈالیں ''مجمع بحار الانوار،، کا مکمل نام قلمبند کریں۔

سوال نمبر ۴۔۔علمائے حدیث نے صحابہ کرام کے کتنے طبقات بیان کئے ہیں؟ اور وہ کیا کیا ہیں؟ ہر ایک کی تعریف کریں، اور اس پر مختصر روشنی ڈالیں، حضرت انس بن مالکؓ، حضرت محمود بن لبیدؓ کس طبقہ سے تعلق رکھتے ہیں؟

سوال نمبر ۵۔۔علم حدیث کے لئے سفر کے کتنے آداب بیان کئے گئے ہیں؟ ان میں سے کم از کم دو ادب لکھیں، علم حدیث کے لئے محدثین نے جو قربانیاں پیش کی ہیں، اس پر بھی ایک جامع نوٹ تحریر کریں،

سوال نمبر ۶۔۔جرح وتعدیل کا کیا مطلب ہے؟ ائمہ جرح وتعدیل میں سے کم از کم دس ائمہ کے نام لکھیں، یحیی بن معینؒ، ابو حاتم رازیؒ، امام بخاریؒ، امام حاکمؒ کس طبقہ سے تعلق رکھتے ہیں، تحریر کریں،

سوال نمبر ۷۔۔روایت باللفظ، اور روایت بالمعنی کا مطلب لکھیں، قدرے تفصیل بھی بیان کریں، کیا روایت بالمعنی جائز ہے؟ سمجھکر جواب لکھیں،

سوال نمبر ۸۔۔اصح الکتب بعد کتاب اللہ سے کون سی کتاب مراد ہے؟ طبقہ دوم سے صحاح ستہ کی کون کون سی کتاب مراد ہے؟ رواہ الستۃ،، کا مصداق بھی متعین کریں،

سوال نمبر ۹۔۔تواتر کے کیا معنی ہیں؟ تواتر کا سب سے اونچا درجہ کیا ہے؟ تواتر لفظی وتواتر معنوی کی مثال لکھتے ہوئے تواتر پر ایک تفصیلی نوٹ قلمبند کریں۔

سوال نمبر ۱۰۔۔تحمل حدیث اور ادائے حدیث کا مفہوم ادا کریں، نیز روایت اور درایت کی تعریف مثالوں کے ساتھ قلمبند کریں،

سوال نمبر ۱۱۔وحی کی کتنی قسمیں ہیں؟ اور کیا کیا؟ ہر ایک کی تعریف، مثال لکھیں، احادیث قدسیہ کی تعداد کے بارے میں محدثین کے اقوال قلمبند کریں، احادیث قدسیہ اور قرآن مجید کے درمیان بنیادی فرق کتنے ہیں؟ ان میں سے پانچ فرق تفصیل سے لکھیں۔ حدیث قدسی وحی جلی میں شامل ہے یا وحی خفی میں واضح کریں۔

سوال نمبر ۱۲۔۔مناولہ، مکاتبہ، قرات، اعلام، کی تعریف کریں، اور ہر ایک کی تعریف اور اس کا حکم بھی نقل کریں،

سوال نمبر ۱۳۔۔شاذ اور منکر حدیث کی تعریف اور اس کا حکم تحریر کریں، موضوع حدیث کسے کہتے ہیں؟ اور اس کا کیا حکم ہے؟ تفصیل سے اس پر روشنی ڈالیں،

سوال نمبر ۱۴۔۔علم حدیث کی اصطلاح میں ''عدالت،، کا کیا مطلب ہے؟ راوی کے کیا کیا شرائط ہیں؟ مفصل قلمبند کریں۔

سوال نمبر ۱۵۔۔تعلیقات کے کیا معنی ہیں؟ معلق احادیث کسے کہتے ہیں؟ صحیح حدیث کی تعریف اور ضبط کا مفہوم واضح کریں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

## سوالات محاضرات حدیث

سوال نمبر ۱ لہذا نصوص شرعیہ کی ۔۔۔۔۔۔۔ قسمیں ہوگئیں۔

سوال نمبر ۲ قرآن مجید کی تلاوت اس شخص کے لئے جائز نہیں، جس پر۔۔۔۔فرض ہو

سوال نمبر ۳ ابوداؤد میں سب سے بڑا مجموعہ احادیث ۔۔۔۔۔۔ کا ہے

سوال نمبر ۴ وجادہ کا مطلب یہ ہے کہ کسی ۔۔۔۔۔ کی کوئی تحریر بعد میں کسی شخص کو ملے، اور وہ اس کی ۔۔۔ پر روایت کرے۔

سوال نمبر ۵ حدیث صحیح کی دوسری قسم ۔۔۔۔۔۔

سوال نمبر ۶ معضل وہ حدیث ہے جس میں ۔۔۔۔۔ گر گئے ہوں۔

سوال نمبر ۷ محدثین میں سے بیشتر کے نزدیک کوئی ۔۔۔۔۔ حدیث قابل قبول نہیں ہے۔

سوال نمبر ۸ خبر واحد کی ۔۔۔۔۔۔ ذخیرہ احادیث میں بہت زیادہ ہے

سوال نمبر ۹ علم حدیث کے بارے میں راوی کے ۔۔۔۔۔ ہیں

سوال نمبر ۱۰ صحیح بخاری کے اندر کوئی ۔۔۔۔۔ حدیث موجود نہیں ہے

سوال نمبر ۱۱ امام مسلمؒ نے اپنی کتاب کے شروع میں ۔۔۔۔۔ لکھا ہے۔

سوال نمبر ۱۲ صحیح بخاری اور صحیح مسلم، یہ دونوں ۔۔۔۔۔ کہلاتی ہیں۔

سوال نمبر ۱۳ قرآن پاک وحی ۔۔۔۔ ہے اور حدیث قدسی ۔۔۔۔ ہے

سوال نمبر ۱۴ ایک حدیث کے الفاظ ہیں، الماء الکثیر ۔۔۔۔

سوال نمبر ۱۵ قرآن وسنت میں جو کچھ آیا ہے، اس کو اصطلاح میں ۔۔۔۔۔۔ کہتے ہیں۔